27A

جدید طریقۂ امتحان کے عین مطابق

مصباح

یونیورسٹی آف گجرات

اسلامیات

لازمی

برائے بی اے، بی ایس سی، بی کام و فنی ڈگری کلاسز

پروفیسر طارق جاوید بٹ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب	مِصباح اسلامیات لازمی برائے بی اے، بی ایس سی، بی کام، فنی و ڈگری کلاسز
مؤلف	پروفیسر طارق جاوید بٹ شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ ڈگری کالج پیپلز کالونی گوجرانوالہ فون: 055-3495271، موبائل: 0301-6686490
اشاعت	جدید ایڈیشن
کمپوزنگ	سجاد کمپوزنگ سنٹر دین پلازہ گوجرانوالہ فون: 0300-6453996
سرورق	سجاد محمود
قیمت	175 روپے

5- آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ بنی اسرائیل کی رہنمائی انبیاء کیا کرتے تھے۔ جب ایک نبی وفات پا
جاتا تو دوسرا نبی اس کا جانشین ہوتا۔ مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

6- فرمایا۔ "میری اور مجھ سے پہلے گزرے ہوئے انبیاء کی مثال ایسی ہے۔ جیسے ایک شخص نے عمارت
بنائی اور خوب حسین وجمیل بنائی مگر ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی اور وہ آخری اینٹ میں ہوں۔"

اجماع صحابہؓ...... تمام صحابہ کرام کا اس بات پر اجماع ہے کہ حضور ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا
اور آپ ﷺ کے بعد جو بھی رسول یا نبی ہونے کا دعویٰ کرے گا وہ دجال وکذاب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ
آنحضرت ﷺ کی زندگی میں یا صحابہ کرامؓ کے دور میں جن لوگوں نے نبوت کا دعویٰ کیا صحابہ کرامؓ نے
بالاتفاق ان کے ساتھ جنگ کی۔ ان جھوٹے مدعیان نبوت میں مسیلمہ کذاب، اسود عنسی، طلیحہ اور سجاح
کے نام نمایاں ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے انکے ساتھ جہاد کیا اور ان جھوٹے مدعیان نبوت کا خاتمہ کیا۔

اجماع اُمت...... اجماع صحابہؓ کے بعد امت اسلامیہ کا بھی اس بات پر اجماع ہے کہ نبوت کا دعویٰ
کرنے والا جھوٹا اور واجب القتل ہے۔

سورہ الاحزاب آیت 56

اِنَّ	اللّٰهَ	وَ	مَلٰٓئِكَتَهٗ	يُصَلُّوْنَ	عَلَى	النَّبِيِّ
بے شک	اللہ	اور	اس کے فرشتے	درود بھیجتے ہیں	پر	نبی

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	صَلُّوْا	عَلَيْهِ	وَسَلِّمُوْا	تَسْلِيْمًا (56)
اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	درود بھیجو	اس پر	اور سلام بھیجو	خوب سلام

اے ایمان والو! تم (بھی) آپ ﷺ پر درود اور خوب سلام بھیجو

شرح آیت

آیت زیر نظر میں ایمان والوں کو آنحضرت ﷺ پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کی تلقین آئی ہے۔ تشریح
درج ذیل عنوانات سے واضح ہے۔

الصلوٰۃ وسلام کا مفہوم...... لفظ صلوٰۃ عربی زبان میں چند معانی کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے کسی کی
طرف محبت سے متوجہ ہونا، تعریف کرنا، کسی کے حق میں دعا کرنا وغیرہ آیت مذکورہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف
جو نسبت صلوٰۃ کی ہے۔ اس سے مراد رحمت نازل کرنا ہے۔ فرشتوں کا صلوٰۃ بھیجنا آپ ﷺ کی دعا